بعد نماز عشا پانچ سو بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اور تین سو مرتبہ ﴿یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابُ﴾ ایسی جگہ بیٹھ کر پڑھیں جو پُرسکون ہو اور کسی قسم کا شور وغیرہ نہ ہو اول و آخر درود ابراہیمی تین بار پڑھیں۔

ان شاء اللہ عَزَّوَجَلَّ غیب سے رزق ملے گا اور ہر قسم کی جائز حاجت پوری ہوگی۔ اس وظیفے کو اکیس دن تک کرتے رہیں۔

﴿از منقول امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ﴾

This wazifa has strange effect over trade and progress in earning. After Isha prayer recite ﴿بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ﴾ 500 times and recite ﴿یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابُ﴾ 300 times and be seated at a peaceful place. Recite Darood-E-Ibrahimi 3 times in the beginning and ending Inshah Allah your needs/ desires will come true. Keep this practice continue for 21 days.

......☆......☆......

اطمینان وسکون کیلئے

FOR SATISFACTION/ TO GET SATISFACTION AND PEACE

نماز مغرب سے فراغت کے بعد دو رکعت نماز نفل پڑھیں پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں اکیس مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر اس کا ثواب پیش کریں۔ اس کے بعد ایک سو ایک مرتبہ یہ اسماء مبارک پڑھیں۔

After Maghrib prayer offer two rakat Nimaz-E-Nafal and then recite Darood-E-Ibrahimi 21 times. Then recite this Isma Mubarak 101 times.

ان شاء اللہ عزوجل پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔ کسی بھی وجہ سے پریشانی ہو خواہ مالی حالت خراب ہو یا مقدمہ کا فکر ہو، غرض کسی بھی وجہ سے اگر دل پریشان ہو تو اس عمل کی برکت سے اللہ ﷻ اپنا فضل فرمائیں گے۔ پریشانیاں دور ہو جائیں گی اور دل کو اطمینان و سکون کی دولت نصیب ہو گی۔

Inshah Allah all the problems will be resolved. If you are upset because of tensions, financial crises even for any other reason if your heart is not satisfied then you will get complete satisfaction.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

﴿یَا اَللّٰهُ یَافَتَّاحُ یَابَاسِطُ هُوَ الْاَوَّلُ هُوَالْاٰخِرُ هُوَ الظَّاهِرُ هُوَ الْبَاطِنُ اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِیْ عَنْ غَیْرِكَ وَنَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ اَبَدًا یَااَللّٰهُ یَااَللّٰهُ یَااَللّٰهُ﴾

﴿اسماء الحسنیٰ کے فضائل واعمال، شفاء القلوب﴾

......☆......☆......

بخار کا علاج

TREATMENT OF FEVER

تیز بخار کی شدت کم کرنے کیلئے یہ آیت مبارکہ اکتالیس بار پڑھ کر مریض پر دَم کریں نیز کسی کا غصہ اور ضد ختم کرنے کیلئے بھی یہ آیت اکسیر ہے۔ اول و آخر درود ابراہیمی سات بار پڑھیں ان شاء اللہ عزوجل تیز بخار کم ہوگا۔

In order to control extreme fever recite this Ayat-E-Mubarka 41 times over patient. Even this Ayat is beneficial for anger as well. Recite Darood-E-Ibrahimi 7 times in the beginning and ending. Inshah Allah you will become healthy.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿يٰنَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۝﴾

﴿پارہ نمبر 17، سورۃ الانبیاء، آیت نمبر 69﴾

......☆......☆......

ظالم شخص کیلئے وظیفہ

WAZIFA FOR CRUEL PERSON

ایسے جابر و ظالم شخص کو مقررہ جگہ سے نکالنے کے لئے یہ وظیفہ کریں جو کہ شرعی طور پر حاکمیت کے قابل نہ ہو اور اللہ ﷻ کی مخلوق اس سے تنگ آ گئی ہو اس کے لئے اپنے مکان کی علیحدہ جگہ پر جمعہ کی رات کو بعد نماز عشاء باوضو ایک ہزار بار ﴿سورۂ فیل﴾ پڑھیں اور اس طریقے سے نبی کریم ﷺ پر صلوۃ و سلام بھیجیں جو یہ ہے:

This wazifa must be done for that cruel person/ emperor who is not capable enough for such post. For this choose a seperate place in your home and recite (Surat Feel) 1000 times (ba-wazoo halat mein) after Isha Prayer Recite Darood-E-Ibrahimi in the beginning and ending.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ عَلٰی آلِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَسَلِّمْ﴾

سو بار پڑھنے کے بعد یہ کلمات تین بار پڑھیں:

After recitation 100 times, recite these kalmaat 3 times.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ اَسْتَجِيْرُ بِكَ مِنْ ظُلْمِ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ فَخُذْلِیْ حَقِّیْ مِنْهُ﴾

اگر وہ شخص خواہ امیر ہو یا حاکم ہو غرضیکہ کوئی بھی شخص ہو جس کو نکالنا ہو، اس کے لئے یہ وظیفہ کریں۔ تو اس شخص پر ایسا عذاب نازل ہوگا۔ جس سے اس کا جینا وسنبھلنا مشکل ہو جائے گا جہاں وہ ہے۔ آخرکار اس جگہ سے یا اس نوکری سے یا درجے سے معزول ہو جائے گا۔ یہ وظیفہ صحیح ومجرب ہے۔

نوٹ: ناجائز نہ کریں۔

If that person is rich or cruel emperor even whatever this person is, this wazifa is applicable. He will become the victime of disaster which is so harmful for him. At last, he will loss his job/post. This wazifa is correct and useful.

NOTE: Do not perform for invalid purpose.

......☆......☆......

میاں بیوی میں اتفاق کیلئے

FOR UNDERSTANDING AMONG HUSBAND AND WIFE

میاں بیوی میں نفرت دور کرنے کیلئے اور ان میں اتفاق اور محبت کے لئے جس کو ضرورت ہو وہ اس وظیفہ کو اول و آخر درود ابراہیمی ﴿۱۱﴾ بار اور تین سو تیرہ بار بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء مندرجہ ذیل آیت کو اکیس دن تک پڑھے۔ ان شاء اللہ عزوجل میاں بیوی میں محبت اور اتفاق پیدا ہو جائے گا۔

To create love and understanding among husband and wife recite this wazifa 313 times after Fajar or Isha Prayer and recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending. Keep this practice continue for 21 days. Inshah Allah love and understanding will be created among husband and wife.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ٥﴾

یہ وظیفہ بار بار تجربہ شدہ ہے صرف صحیح اور جائز محبت کیلئے کرنا چاہیے۔ ورنہ نقصان کا ذمہ دار ناجائز کرنے والا خود ہوگا۔

﴿پارہ 25 سورۂ زخرف آیت نمبر:13﴾

......☆......☆......

مقاصد کی تکمیل کے لئے وظیفہ

WAZIFA FOR THE COMPLETION OF INTENTION/ MOTIVATION

حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ راحت و آرام اطمینان و سکون عیش و عشرت، عزت و عظمت اور مال و دولت کی خواہش کیلئے نیز مصیبتوں پریشانیوں، دشمنوں اور تکلیفوں سے محفوظ رہنے کی آرزو ہو تو اسم جلالت اللہ جل جلالہ ایک ہزار مرتبہ پڑھنا چاہیے۔ اس وظیفہ کی شرائط یہ ہیں کہ تنہائی ہو، جب سب لوگ سو جائیں تو رات کو پڑھنا چاہیے پڑھنے والا باوضو ہو اگر غسل کر لیا جائے تو بہتر ہے کپڑے پاک اور صاف ہوں اور اول و آخر ﴿۲۱﴾ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھنا چاہیے اور دن رات میں اٹھتے بیٹھتے۔ ﴿یَا کَرِیْمُ یَا رَحِیْمُ﴾ کا ورد کرتے رہنا چاہیے۔ اس عمل کی برکت سے اللہ جل جلالہ ہر قسم کی نعمتیں عطا فرمائیں گے اور ہر قسم کی برائیوں اور تکلیفوں سے حفاظت فرمائیں گے۔ ﴿یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ﴾ ایک ہزار مرتبہ دن یا رات میں پڑھنے کا اگر معمول بنا لیا جائے اور ﴿یَا وَھَّابُ﴾ کا ذکر ہر وقت زبان پر رہے یعنی زیادہ سے زیادہ پڑھا جائے تو یہ وظیفہ

مبارک بھی مذکورہ بالا وظائف کی تاثیر رکھتا ہے اللہ ﷻ اپنے فضل و کرم سے اس وظیفہ کے پڑھنے والے کو بھی وہی نعمتیں اور برکتیں عطا فرماتا ہے جو اسم جلالت ﴿اللہ ﷻ﴾ کے ورد رکھنے والے کو ملتی ہیں۔ تمام وظائف کے اول و آخر درود ابراہیمی ضرور پڑھیں۔

﴿از منقولہ حضرت امام محمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ﴾

Hazrat Imam Ghazali رحمۃ اللہ علیہ says that, "in order to obtain satisfaction, peace, luxury, respect, wealth and for the survival of tensions, enemies, and problems recite this Ism-E-Jalalat-Allah 1000 times. This practice (wazifa) must be done in loneness when all the people go for sleep. Dress must be neat and clean and recite Darood-E-Ibrahimi 21 times in the beginning and ending. Keep this practice continue in every time (Day & Night). ﴿يَاكَرِيْمُ يَارَحِيْمُ﴾ By following this practice you will get plenty of blessings of Almighty Allah and you will be secured from each and every problem and tension. Make your routin to recite this ﴿يَاحَيُّ يَا قَيُّوم﴾ 1000 times in day and night.

Recitation of this ﴿يَا وَهَّابُ﴾ practice must be continued everytime. It means

that, recite it maximum/ for maximum times then this wazifa has also the same effect as the other mentioned wazaif. Whoever will recite this wazifa will get the same blessings of Almighty Allah which you can get from Ism-E-Jalalat. Must recite Darood-E-Ibrahimi in the beginning and ending in all Wazaif.

......☆......☆......

بیٹے کی خواہش کیلئے

FOR THE DESIRE OF SON

اولاد کی نعمت سے محروم میاں بیوی دونوں اللہ ﷻ کی شان پر بھروسہ کرتے ہوئے روزانہ صبح و شام یعنی بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب اکیس بار اس آیت کا وظیفہ کریں اور اللہ ﷻ سے اولاد ہونے کی دعا کریں اول و آخر درود ابراہیمی ﴿۱۱﴾ بار پڑھیں۔ ان شاء اللہ عزوجل اولاد پیدا ہوگی۔

Those parents who are deprived from children should recite this Ayat 21 times in morning and evening (After Fajar Prayer and after Maghrib Prayer) and then pray to Almighty Allah. Recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending. Inshah Allah their wish / desire of baby will come true.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

﴿اَلَّذِیْٓ اَحْسَنَ کُلَّ شَیْءٍ خَلَقَهٗ وَ
بَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِیْنٍ o ثُمَّ
جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِیْنٍ o
ثُمَّ سَوّٰىهُ وَ نَفَخَ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَ
جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَ
الْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ o﴾

ترجمہ: ''وہ جس نے جو چیز بنائی خوب بنائی اور پیدائش انسان کی ابتدا مٹی سے فرمائی پھر اس کی نسل رکھی ایک بے قدر پانی کے خلاصہ سے پھر اسے ٹھیک کیا اور اس میں اپنی طرف سے روح پھونکی اور پھر تمہیں کان اور آنکھیں اور دِل عطا فرمائے کیا ہی تھوڑا حق مانتے ہو''۔

﴿پارہ نمبر 21، سورۂ سجدہ، آیت نمبر 7-9﴾

رزق کیلئے آزمودہ دعا

BENEFICIAL DUA FOR EARNING (RIZK)

یہ دعا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پڑھی تھی کیونکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام فرعونیوں کے علاقے سے جب ہجرت کر کے

مدین پہنچ گئے تو وہاں درخت کے سائے کے نیچے بیٹھ گئے۔ قریب ہی ایک کنواں تھا جہاں پانی لینے والوں کا ہجوم تھا۔ اس ہجوم سے ذرا سے فاصلے پر دو لڑکیاں کھڑی تھیں جو اپنے جانوروں کو پانی پلانا چاہتی تھیں لہٰذا آپ علیہ السلام نے ان کے لئے پانی نکالا اور پھر یہ دعا مانگی۔

﴿شرح اسماء الحسنیٰ، وظائف وعملیات رزق﴾

This dua was recited by Hazrat Musa علیہ السلام. When Hazrat Musa علیہ السلام traveled to Madyan then he sat under the shadow of tree. Nearly it was a well where people were gathered for water and two girls were standing near to this crowd. The girls wanted some water for their animals. So, Hazrat Musa علیہ السلام took water for them and then recited this dua.

لہٰذا جو شخص سفر میں بھوکا پیاسا ہو اور کھانے کے لئے کچھ نہ ملے تو اگر وہ اس دعا کو کثرت سے پڑھنا شروع کر دے تو جلد ہی اس کے قیام وطعام کا بندوبست ہو جائے گا اور ان شاء اللہ عزوجل اس آیت کے ورد سے وہ بھوکا نہیں مرے گا۔

Therefore, if any person feels hunger and thirst during travel then he should recite this dua plenty of times. Then, he will obtain reasonable arrangements of his required necessities and Inshah Allah he will not die from thirst and hunger.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ۝﴾

ترجمہ: ''اے میرے رب جو کچھ تو نے مجھے نیکی کی توفیق دی ہے میں اس کا طلب گار تھا۔''

﴿پارہ:20، سورۃ القصص: آیت نمبر24﴾

......☆......☆......

حضور ﷺ کی زیارت کیلئے

FOR THE ZAYARAT OF PROPHET MUHAMMAD ﷺ

شانِ رسالت حضرت محمد ﷺ کی خواب میں زیارت کے خواہشمند حضرات رات کو سوتے وقت اس آیت کو دو سو ﴿۲۰۰﴾ بار پڑھیں اللہ جل جلالہ کے فضل و کرم سے خواہش پوری ہوگی۔ اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار لازمی پڑھیں اس وظیفہ کو اکیس دن تک جاری رکھیں۔

For the zayarat of Prophet Muhammad ﷺ recite two tasbeeh of this Ayat before sleep. By the grace of Almighty Allah wish/ desire will come true. Must recite Darood-E-Ibrahimi 11

times in the beginning and ending and keep this practice continue for 21 days.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

﴿اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَ سَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۝﴾

﴿پارہ نمبر 22، سورۃ الاحزاب، آیت نمبر 56﴾

......☆......☆......

رزق کیلئے وظیفہ

WAZIFA FOR EARNING (RIZK)

اس وظیفے کو جمیع حاجات ومہمات اور کشادگی رزق کے لئے اس طرح پڑھیں کہ جمعہ کے دن غسل کر کے اول وقت نماز عصر پڑھیں۔ پھر دوزانوں ہو کر بیٹھیں اور ﴿سورۃ واقعہ﴾ ایک بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ پڑھیں اور دوسرے روز دو مرتبہ اور تیسرے روز تین مرتبہ۔ اس طرح سے ہر روز بڑھاتے جائیں یہاں تک کہ چالیسویں روز چالیس بار ہو جائے اور مغرب تک پوری ہو جائے اول وآخر درود ابراہیمی ﴿۱۱﴾ بار پڑھیں اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو نماز عصر سے پہلے شروع

کریں اور جب عصر کا وقت آئے تو نماز پڑھ کر پھر پڑھیں یہ
وظیفہ مجرب اور آزمودہ ہے۔

﴿از منقول حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ﴾

Recite this wazifa for desires and for the expansion of earning (rizk). Recite this wazifa on Friday initial time of Asar Prayer. Then sit down properly and recite (Surah Waqia) one time with ﴿بسم اللہ الرحمن الرحیم﴾ and recite 2 times on second day and 3 times on third day and keep this practice continue until 40th day. Recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending if it is not possible then it can also be initiated before Asar Prayer. At the time of Asar Prayer offer Nimaz-E-Asar and after Nimaz-E-Asar keep the wazifa continue This wazifa is useful and beneficial.

☆......☆......

برکت و رحمت کیلئے دُعا

DUA FOR BLESSINGS

اس مبارک دعا کی برکت و رحمت سے اللہ جل جلالہ اپنے پڑھنے
والے بندہ کو اپنے فضل و کرم اور رحمتِ کاملہ و تامہ کے صدقہ میں ہر

ہر چیز میں، ہر ہر کام میں، زیادہ سے زیادہ خیر و برکت عطا فرماتا ہے۔ اس دعا کو کثرت سے یا اکتالیس بار روزانہ پڑھنا چاہیے اول و آخر درود ابراہیمی ﴿۱۱﴾ بار پڑھیں۔ یہ دعا انتہائی مفید ہے اور اولیاء کرام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے معمولات میں شامل رہی ہے۔

In response to this Mubarik Dua Almighty Allah gives each and everything to his man (person). This dua should be recited plenty of times or 41 times daily with Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending. This dua is extremely beneficial and it was an important part of Aulia Karam ﴿رحمۃ اللہ علیہم اجمعین﴾ routine life.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿يَا حَىُّ يَاقَيُّوْمُ يَالَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ يَاحَنَّانُ يَامَنَّانُ يَابَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَسْئَلُكَ اَنْ تُحْيِىَ قَلْبِىْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ﴾

﴿وظائف اولیاء﴾

......☆......☆......

فائدہ مند عمل

BENEFICIAL PRACTICE

ہر جائز مقصد کے لئے چار رکعت نماز دو رکعت کر کے اس طریقہ سے پڑھیں کہ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ کافرون دس ﴿۱۰﴾ مرتبہ آیت الکرسی دس ﴿۱۰﴾ بار اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص دس ﴿۱۰﴾ مرتبہ اور آیت الکرسی دس ﴿۱۰﴾ مرتبہ پڑھ کر سلام پھیریں اور پھر عاجزی اور انکساری سے اکیس ﴿۲۱﴾ بار یہ دعا پڑھیں۔

For each and every valid motive offer four Rakat Nimaz (must be done separately 2, 2 rakat). In first rakat recite Surat Kafroon 10 times and Ayat-Ul-Kursi 10 times after Surat Fatiha. In second rakat, recite Surat- Ikhlas 10 times and Ayat-Ul-Kursi 10 times after Surat Fatiha. Then recite this dua 21 times will full of humbleness.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿سُبْحَانَ اللّٰهِ اَبَدَ الْاَبَدِ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْفَرْدُ الصَّمَدُ

سُبْحَانَ اللّٰهِ الَّذِیْ رَفَعَ السَّمٰوَاتِ بِغَیْرِ عَمَدٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ بَحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ﴿

اس کے بعد دوسری دو رکعتیں شروع کریں اور اس میں پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ تکاثر دس ﴿۱۰﴾ مرتبہ اور آیت الکرسی تین ﴿۳﴾ مرتبہ اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ قدر اور سورۂ زلزال تین تین ﴿۳﴾ مرتبہ اور آیت الکرسی ایک ﴿۱﴾ مرتبہ پڑھیں نماز سے فارغ ہو کر سجدہ میں جا کر سات ﴿۷﴾ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں۔ اس کے بعد سجدہ سے سر اٹھا کر دس ﴿۱۰﴾ بار ﴿لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ﴾ اور درود ابراہیمی ایک سو ایک ﴿۱۰۱﴾ بار پڑھ کر اللہ عزوجل سے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ عزوجل اس وظیفہ کی بدولت بہت جلد دعا قبول ہوگی۔

﴿معمولات اولیاء وظائف اولیاء﴾

After this, start next two rakat. In the first rakat, recite Surat Takasar 10 times and Ayat-Ul-Kursi 3 times after Surat Fatiha. In second rakat, recite Surat Qadar and Surat Zilzal 3 times, and Ayat-Ul-Kursi 1 time after Surat Fatiha.

After such prayer (Nimaz) go for sajda and recite Darood-E-Ibrahimi 7 times and after sajda recite ﴿لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ﴾ 10 times and Darood-E-Ibrahimi 101 times then pray to Almighty Allah. Inshah Allah your wish will come true.

......☆......☆......

بیٹی کی شادی کیلئے

FOR THE MARRIAGE OF DAUGHTER

جس گھر میں بیٹے یا بیٹی کا رشتہ کسی وجہ سے نہ ہو رہا ہو، تو والدہ یا والد یا بیٹی یا بیٹا خود اپنی حاجت پوری کرنے کیلئے روزانہ اس آیت مبارکہ کو تین سو تیرہ بار اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار کہ ﴿۲۱﴾ دن تک پڑھتے رہیں۔ ان شاء اللہ عزوجل جلد ہی اچھے رشتہ کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

If there is any problem regarding daughter's marriage then father, mother, daughter or son should recite this Ayat Mubarka 313 times for 21 days. Recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending as well. Inshah Allah such problems will be solved.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

﴿وَهُوَ الَّذِىۡ خَلَقَ مِنَ الۡمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّ صِهۡرًا‌ ؕ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيۡرًا‏ ○﴾

﴿پارہ نمبر 19، سورۃ الفرقان، آیت نمبر 54﴾

......☆......☆......

برائے استخارہ

FOR ISTIKHARA

بعد از نمازِ عشاء دو نفل استخارہ کی نیت سے پڑھیں اور پھر ان آیات کو ﴿۱۰۱﴾ مرتبہ پڑھ کر کسی سے بات کئے بغیر سو جائیں۔ اس عمل کو گیارہ دن تک جاری رکھیں ان شاء اللہ عزوجل جو بھی مقصد ہوگا خواب میں معلوم ہو جائے گا

After Isha Prayer offer two nafal as Istikhara and recite this Ayat 101 then go for sleep without saying anything to anyone else. Keep this practice continue for 11 days. Inshah Allah you will get the results in your dream.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

﴿وَاَسِرُّوۡا قَوۡلَـكُمۡ اَوِ اجۡهَرُوۡا بِهٖ‌ ؕ اِنَّهٗ

عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝ اَلَا يَعْلَمُ مَنْ
خَلَقَ ؕ وَ هُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ۝ ﴾

﴿پارہ نمبر 29، سورۃ الملک، آیت نمبر 13-14﴾

☆......☆......

جائز خواہشات کیلئے

FOR VALID DESIRES

ہر جائز خواہش کیلئے جس میں کسی کی حق تلفی نہ ہوتی ہو اس کو پورا کرنے کیلئے یہ آیات مبارکہ ﴿۳۱۳﴾ مرتبہ پڑھیں۔ اوّل و آخر گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھیں ان شاء اللہ عزوجل جلد مراد پوری ہوگی۔

For every valid desire recite this Ayat-E-Mubarka 313 times. Recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending. Insha Allah your wish will come true.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُونَ ۝ بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ يَنْصُرُ مَنْ
يَّشَآءُ ؕ وَ هُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝ ﴾

﴿پارہ نمبر 21، سورۃ الروم، آیت نمبر 4-5﴾

☆......☆......

موذی بیماریوں سے بچاؤ کیلئے

FOR THE SURVIVAL OF EXTREME DISEASES

ہر مسلمان کو چاہئے کہ سرطان، طاعون، پھوڑے پھنسی سے بچاؤ کیلئے ان اسماء مبارکہ کو صبح و شام ﴿۲۱﴾ مرتبہ پڑھتا رہے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ ان موذی بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔

Every muslim should recite this Isma Mubarak 21 times in morning and evening. He will be secured from such diseases by the grace of Almighty Allah.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿يَا اَللّٰهُ، يَا مٰلِكُ، يَاقُدُّوْسُ، يَاسَلَامُ﴾

......☆......☆......

حاجت کا وظیفہ

WAZIFA FOR NEED/WANT(HAJAT)

حاجت روائی کے لئے نماز ظہر ادا کرنے کے بعد ذیل کا وظیفہ ایک سو ایک ﴿۱۰۱﴾ بار سات دن تک پڑھنا مجرب ہے۔ اوّل و آخر

درود ابراہیمی ﴿۱۱﴾ بار پڑھیں۔

For need/ want (Hajat) recite this wazifa 101 times for 7 days after Zohar Prayer. Recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

﴿یَاحَیُّ یَا قَیُّومُ بِرَحۡمَتِكَ اَسۡتَغِیۡثُ﴾

﴿دنیاوی پریشانیوں کا روحانی علاج﴾

......☆......☆......

دنیا و آخرت میں نعمت کی خواہش کیلئے

FOR THE DESIRE OF BLESSINGS IN THIS LIFE AND ETERNAL LIFE

جس کی یہ خواہش ہو کہ وہ دُنیا میں ہر نعمت سے لطف اندوز ہو اور پھر آخرت میں بھی اللہ ﷻ اسے کسی نعمت سے محروم نہ کرے تو اُسے چاہئے کہ وہ اس آیت مبارکہ کو صبح و شام سات بار پڑھنے کا اپنا معمول بنالے۔ دین و دنیا میں ہر نعمت سے مالا مال رہے گا۔ یہ بھی شرط ہے کہ نیک کام کرے اور دین اسلام پر ثابت قدم رہے۔

If a person has desire of Allah's blessings in this world and in the next world (eternal life) then he should recite this Ayat 7 times daily in morning and evening. He also needs to follow religious Islam.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّاۗءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۥ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۭ وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ۭ﴾

﴿پارہ نمبر 26، سورۃ محمد، آیت نمبر 15﴾

......☆......☆......

آمدنی میں اضافہ کیلئے عمل

FOR THE EXPANSION IN INCOME / EARNING

بعض لوگوں کی آمدن انتہائی قلیل ہوتی ہے اور انہیں سفید پوشی میں گزارہ کرنا مشکل ہو جاتا ہے تو جب کسی کی آمدن قلیل ہو

اور وہ اپنے اہل و عیال کی اچھی طرح کفالت نہ کر سکتا ہو تو اسے چاہیے کہ فجر کی نماز باقاعدگی سے پڑھے۔ اس کے بعد اس آیت کی ایک سو اکیس مرتبہ تلاوت کرے اور اس کے بعد دعا مانگے کہ اللہ ﷻ اس کی آمدن میں اضافہ فرما دے۔ اگر اللہ ﷻ کو منظور ہوا تو اللہ ﷻ اس کی روزی میں خیر و برکت پیدا کر دے گا اور اس کی آمدنی میں اضافے کا ذریعہ بن جائے گا۔ اس مقصد کیلئے پڑھائی کو طویل عرصہ کے لئے جاری رکھا جائے۔

Some people are spending difficult life due to lower income. Therefore, if anyone has this problem and he is not capable enough to fulfill the basic necessities of his family then he should regularly offer Fajar Prayer. After this recite this Ayat 121 times then go for pray, Almighty Allah will increase his income. For such purpose keep this practice continue for long time.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝﴾

ترجمہ: "فرما دیجئے کہ فضل اللہ ﷻ کے ہاتھ میں ہے جسے
چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور اللہ ﷻ وسعت والا علم والا
ہے۔ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت کے لئے مخصوص کر لیتا
ہے اور اللہ ﷻ عظیم فضل والا ہے۔"

﴿پارہ:3، سورۃ آل عمران آیت نمبر:73-74﴾

......☆......☆......

نمازِ حاجت

NIMAZ-E-HAJAT

سب مشکلات و مصائب سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے صلوٰۃ الحاجت بہت مفید ہے۔ اس نماز کا پریشانی کی حالت میں پڑھنا بہت مفید ہے۔

For each and every problem and tension Nimaz-E-Hajat is extremely beneficial. This Nimaz is so much beneficial for tensions.

اس کا طریقہ یوں ہے کہ نمازِ مغرب یا نمازِ عشاء کے بعد جو دو رکعت نفل ہوتے ہیں انہیں اس طرح سے ادا کریں کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص گیارہ ﴿۱۱﴾ بار پڑھیں بعد از سلام پہلے درود ابراہیمی گیارہ بار پڑھیں اور یہ وظیفہ ﴿۳۱۳﴾ بار پڑھیں۔

The procedure of this Nimaz is to offer 2 Rakat Nafal after Maghrib or Isha Prayer and recite Surat Ikhlas 11 times after Surat Fatiha in every Rakat. After Salam recite Darood-E-Ibrahimi 11 times and repeat this wazifa 313 times.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

﴿یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِی﴾

پھر آخر میں درود ابراہیمی گیارہ بار پڑھیں۔اس کے بعد اپنے مقصد اور حاجت کے لئے دعا کریں۔اللہ کے فضل و کرم سے کامیابی نصیب ہوگی اور پریشانی دور ہوگی بہتر یہ ہے کہ اس عمل کو نماز مغرب کے بعد کریں۔

In last, recite Darood-E-Ibrahimi 11 times. After this pray for your purpose Insha Allah each and every tension will be solved. It is better to perform this practice after Maghrib Prayer.

......☆......☆......

شوگر کیلئے وظیفہ

WAZIFA FOR DIABETES

شوگر کی موذی بیماری میں مبتلا حضرات اس دُعا مبارکہ کو ﴿۴۱﴾ مرتبہ روزانہ پڑھا کریں۔ نماز کی پابندی کریں اللہ جل جلالہ کے فضل وکرم سے فائدہ ہوگا۔

Those people who are suffering from diabetes recite this Ayat 41 times daily and offer your five times prayers. You will get benefit by the grace of Almighty Allah.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ﴾

ترجمہ: ''اے میرے رب مجھے سچی طرح داخل کرا اور سچی طرح باہر لے جا اور مجھے اپنی طرف سے مددگار غلبہ دے''۔

﴿پارہ نمبر 15، سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر 80﴾

......☆......☆......

مسائل کے حل کیلئے وظیفہ

WAZIFA FOR THE SOLUTION OF PROBLEMS

کیسی ہی سخت مشکل درپیش ہو جو حل نہ ہوتی ہو اور ہر دنیاوی تدبیر ناکام ہوگئی ہو تو ایسی حالت میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے

For each and every problem this Wazifa is so much beneficial.

اس مقصد کے لئے نئے چاند کے پہلے جمعہ کی شب نماز عشاء کے بعد گیارہ مرتبہ ﴿سورۃ محمد﴾﴿صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم﴾ اول و آخر درود ابراہیمی اکیس بار پڑھے۔ اب دو رکعت نماز نفل بہ نیت حل المشکلات اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں ﴿سورۃ فاتحہ﴾ کے بعد ایک مرتبہ ﴿سورۃ الاعلیٰ﴾ پڑھے۔ پھر سلام پھیر کر اپنے مقصد کے لئے بارگاہ خداوندی میں عاجزی و انکساری سے دعا مانگے۔ اگر سورت الاعلیٰ یاد نہ ہو تو سورۃ اخلاص پڑھے۔

﴿نوافل سے پریشانیوں کا حل﴾

For such purpose before new moon on Friday night after Isha Prayer recite (Surat Muhamamd ﷺ) 11 times and

recite Darood-E-Ibrahimi 21 times in the beginning and ending. Then offer 2 Rakat Nimaz-E-Nafal and recite (Surat Al-Aala) one time after (Surat Fatiha) in every Rakat. After Salam pray to Almighty Allah for your purpose with humbleness. You can also recite Surat Ikhlas instead of Surat Al-Aala.

سات جمعہ تک اس عمل کو بلا ناغہ کرنے سے ان شاء اللہ عزوجل کیسی ہی مشکل کیوں نہ ہو حل ہو جائے گی اور اس سے چھٹکارا حاصل ہو جائے گا۔

Insha Allah your problems will be solved in 7 Fridays.

......☆......☆......

گمشدہ چیز ملنے کا عمل

PRACTICE FOR THE LOSS OF AN ITEM (GUMSHUDA CHEEZ)

گمشدہ چیز یا مال کو واپس لانے کے لئے یہ وظیفہ بہت مؤثر ہے ان شاء اللہ عزوجل گمشدہ چیز یا مال جلد واپس مل جائے گا۔ اس آیت مبارکہ کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے ﴿یَا حَفِیْظُ﴾

﴿۱۱۹﴾مرتبہ پڑھ کر پھر اس آیت مبارکہ کو پڑھے۔

If you losses an item then this practice is so much beneficial. Insha Allah you will receive your every item. First of all, recite ﴿یَاحَفِیْظُ﴾ 119 times then recite this Ayat-E-Mubarka.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

﴿یٰبُنَیَّ اِنَّھَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْفِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ط اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ o﴾

﴿پارہ:۲۱، سورۃ لقمان آیت:۱۶﴾

اوّل وآخر درود ابراہیمی گیارہ بار پڑھے جب تک گمشدہ چیز یا مال واپس مل نہ جائے عمل جاری رکھے۔ان شاء اللہ عزوجل یا وہ چیز یا کوئی اس سے بہتر چیز مل جائے گی۔

Recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending. Keep this practice continue until you achieve your purpose. Insha Allah you will get success.

......☆......☆......

دُشمن سے بچاؤ کیلئے

FOR THE SURVIVAL OF ENEMY

اگر کسی شخص کو ہر وقت اپنے دشمن سے خوف لگا رہتا ہو یا اُس کی دُشمنی کسی سے بڑھتی جا رہی ہو تو دُشمن سے بچاؤ کیلئے اس آیت مبارکہ کو ﴿۱۰۱﴾ مرتبہ روزانہ پڑھیں ان شاء اللہ عزوجل دشمن سے نجات حاصل ہوگی۔

If a person has feared from his enemy then recite this Ayat 101 times daily. Insha Allah you will become secured from your enemy.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

﴿اِنَّ اللّٰہَ یُدٰفِعُ عَنِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ کُلَّ خَوَّانٍ کَفُوْرٍ ۝﴾

ترجمہ: ”بے شک اللہ تعالیٰ بلائیں ٹالتا ہے مسلمانوں کی بے شک اللہ تعالیٰ دوست نہیں رکھتا ہر بڑے دغا باز ناشکرے کو“۔

﴿پارہ نمبر 17، سورۃ الحج، آیت نمبر 38﴾

......☆......☆......

بُرے شخص کی اصلاح کیلئے

FOR THE CORRECTION/ RECTIFICATION OF BAD PERSON

جو شخص راہِ حق سے بھٹک کر بُرے معاملات میں پڑ گیا ہو اور وہ اللہ ﷻ کے احکامات پر عمل نہ کر رہا ہو تو اس آیت مبارکہ کو روزانہ ﴿۱۰۱﴾ مرتبہ پانی پر دَم کر کے اُسے پلائیں۔ ان شاء اللہ عزوجل بُری عادت والے شخص کی بہتر اصلاح ہو جائے گی اور اُسے اللہ ﷻ کی طرف سے ہدایت نصیب ہو گی۔

Recite this Ayat-E-Mubarka 101 times over water and present this water to that person who requires improvement. Insha Allah his bad habits will be changed and Almighty Allah will give him the right way of success.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿وَاَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ٥﴾

ترجمہ: "اور تجھے تیرے رب کی طرف راہ بتاؤں کہ تو ڈرے"۔

﴿پارہ نمبر 30، سورۃ النّٰزعٰت، آیت نمبر 19﴾

......☆......☆......

دُکھ پریشانی کیلئے

FOR SORROWS AND TENSIONS

اگر کوئی مسلمان کسی وجہ سے کسی امتحان میں مبتلا ہو یا کسی شخص کی وجہ سے دُکھی ہو تو وہ اس آیت مبارکہ کو ﴿۱۰۱﴾ ایک سو ایک بار گیارہ دن تک پڑھے۔ ان شاء اللہ عزوجل ہر دُکھ ہر پریشانی ختم ہو جائے گی۔ اوّل وآخر درود ابراہیمی سات بار پڑھے:

If a person confronting sorrows and tensions then he should recite this Ayat-E-Mubarka 101 times for 11 days. Insha Allah each and every tension will be solved. Recite Darood-E-Ibrahimi 7 times in the beginning and ending.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ؈﴾

ترجمہ: ''سلامتی ہو تم پر تمہارے صبر کا بدلہ تو پچھلا گھر کیا ہی خوب ملا''۔

﴿پارہ نمبر 13، سورۃ الرعد، آیت نمبر 24﴾

......☆......☆......

شادی کیلئے وظیفہ

WAZIFA FOR MARRIAGE

اگر کسی پڑھے لکھے نوجوان کو اچھی اور مناسب لڑکی کا رشتہ نہ ملتا ہو تو اسے چاہیے کہ اپنے گھر میں ایک جگہ مقرر کر لے اور اُسے پاک وصاف کرے۔ پھر وہاں روزانہ عشاء کی نماز کے بعد پاکیزہ لباس پہنے ہوئے باوضو حالت میں مندرجہ ذیل آیت کو ﴿۱۳۳﴾ مرتبہ چالیس یوم تک پڑھے اور روزانہ پڑھائی کے آخر میں اللہ عزوجل کے آگے نیک خوش واخلاق عورت سے شادی ہونے کی دعا کرے۔ اللہ عزوجل دعا قبول فرمانے والا ہے۔ایک ولی اللہ کا قول ہے کہ اگر کوئی والد یا والدہ یہ چاہتے ہوں کہ اس کی بیٹی یا بیٹے کی شادی جلد ہو جائے تو اسے چاہیے کہ باوضو حالت میں اس آیت کو سفید کاغذ پر لکھے اور سات روز تک اسی آیت کا ایک سو مرتبہ ورد کر کے اس آیت کو کپڑے میں لپیٹ کر لڑکی یا لڑکے کے دائیں بازو پر باندھ دے اور اللہ عزوجل سے جلد از جلد شادی کی التجا کرے۔ان شاء اللہ عزوجل جلد نیک اور اچھی جگہ شادی ہو جائے گی اگر کوئی شخص بے سہارا ہے یا انتہائی

غریب ہے اور اس غربت کی وجہ سے اس کی شادی نہ ہوتی ہو تو اسے چاہیے کہ اس آیت کو چالیس یوم تک روزانہ ہر نماز کے بعد ﴿۳۳﴾ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے تو اللہ عزوجل اس کے حال پر مہربانی فرمائے گا اور اس کی شادی کا کوئی سبب پیدا ہو جائے گا۔

If an educated person fails to find an appropriate girl for marriage then he should determine a clean place in his house.Then after Isha Prayer recite this Ayat 133 times for 40 days in neat and cleat dress. After this practice pray to Almighty Allah for his marriage with a pious girl. It is said by Allah's man (Wali Allah رحمۃ اللہ علیہ) that if a father or mother wants early marriage for his/ her son or daughter then he/ she should write this Ayat on white paper and recite this Ayat 100 times for 7 days. After this bind this Ayat in white cloth and place it on the right arm of girl or boy. Insha Allah early marriage will be settled. If a person is deprived from marriage because of poverty then he should recite this Ayat 33 times for 40 days after every Nimaz. Then his marriage will also be settled.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

﴿وَ لَا تَمُدَّنَّ عَیۡنَیۡكَ اِلٰی مَا مَتَّعۡنَا بِهٖۤ اَزۡوَاجًا مِّنۡهُمۡ زَهۡرَةَ الۡحَیٰوةِ الدُّنۡیَا لِنَفۡتِنَهُمۡ فِیۡهِ ؕ وَرِزۡقُ رَبِّكَ خَیۡرٌ وَّ اَبۡقٰی ○ وَاۡمُرۡ اَهۡلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَ اصۡطَبِرۡ عَلَیۡهَا ؕ لَا نَسۡـَٔلُكَ رِزۡقًا ؕ نَحۡنُ نَرۡزُقُكَ ؕ وَ الۡعَاقِبَةُ لِلتَّقۡوٰی ○﴾

﴿پارہ:16 سورۃ طٰہٰ آیت:131-132﴾

......☆......☆......

ہر مقصد کیلئے ایک خاص دُعا

A SPECIAL DUA FOR EVERY MOTIVE

جس شخص کا دل کسی خاص جگہ سے وابستہ ہو یا کوئی چیز گم ہو گئی ہو یا اس کا ارادہ کسی سے محبت و ملاقات کا ہو تو اس امر کا پختہ یقین کرے کہ اللہ جل جلالہ ہر شے پر قادر ہے۔ سچی نیت سے قوی امید کے ساتھ اس دعا کو پڑھے تو بے شک اللہ جل جلالہ اس کو مطلوب سے ملا دے گا۔ یہ دُعا عجیب تاثیر رکھتی ہے۔

If a person's heart is involved at a special place or if he losses an item or intended for love/ meeting to someone. Then he should always keep in mind that Almighty Allah is greatest and the owner of (owned) each and everything in this universe. Recite this Dua with true hearth Insha Allah Almighty Allah will give him success. This Dua has strange effects. This Dua is:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿اَللّٰهُمَّ يَا جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ
اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادُ ○ اِجْمَعْ بَيْنِيْ وَ
بَيْنَ كَذَا اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○﴾

﴿اسرار قاسمی﴾

......☆......☆......

الزام سے بچاؤ کیلئے

FOR THE SURVIVAL OF ACCUSE/ INDICT

کسی الزام یا کسی بہتان سے اگر کسی شخص کی عزت خطرے میں
ہو تو وہ اس آیت مبارکہ کو صبح و شام ﴿۴۱﴾ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر

پھونک مارے۔ اللہ ﷻ اپنے پاک کلام کی برکتوں سے ہر مسئلے کا حل فرمادے گا اول وآخر درود ابراہیمی تین بار لازمی پڑھیں۔

﴿قرآنی مستجاب دعائیں﴾

For the survival of accuse recite this Ayat-E-Mubarka 41 time in morning and evening. Almighty Allah will solve each and every problem must recite Darood-E-Ibrahimi 3 times in the beginning and ending.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ اِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ؕ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝﴾

ترجمہ: ”اور تم ان کی باتوں کا غم نہ کرو بے شک عزت ساری اللہ ﷻ کیلئے ہے وہی سنتا جانتا ہے“۔

﴿پارہ نمبر 11، سورۃ یونس، آیت نمبر 65﴾

......☆......☆......

برائے استخارہ

FOR ISTIKHARA

یہ استخارہ کرنے کیلئے باوضو حالت میں دو رکعت نماز نفل اس طرح سے ادا کریں کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سات

مرتبہ ﴿سورۃ التکاثر﴾ اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد
پانچ مرتبہ ﴿سورۂ اخلاص﴾ پڑھیں سلام پھیرنے کے بعد سجدہ
میں جا کر گیارہ مرتبہ یہ کلمات مبارکہ پڑھیں۔

For this Istikhara recite 2 Rakat Nimaz-E-Nafal (Ba-Wazoo-Halat-Mein). Recite (Surat Al-Takasar) 7 times after (Surat Fatiha) and recite (Surat Ikhlas) 5 times after (Surat Fatiha). After Salam go for Sajda and recite these Kalmat-E-Mubarka.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿يَا اَحَدُ يَا وَاحِدُ يَا صَمَدُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهِ﴾

اس کے بعد اپنے مقصد کی دعا مانگیں۔ پھر اپنے دل کو اس کام کی
طرف متوجہ کریں اگر اس کام نے ہونا ہے تو دل خود بخود اس کی طرف
مائل ہو جائے گا اور اگر نہیں ہونا تو دل اس سے بددل ہو گا اور وہیں اپنا
ارادہ ختم کر دے گا۔ یہ استخارہ اپنے کسی خاص مقصد کیلئے کریں۔

After this pray for your purpose.Then put your complete concentration towards your purpose. If it's not happening then do not be dishearten and leave your purpose. This practice must be done for your special purpose.

مخالفین سے اپنا حق لینے کا وظیفہ

WAZIFA TO TAKE RIGHT FROM OPPONENT

اگر کسی شخص نے کسی کا حق مارا ہو یعنی رقم دینی ہو یا زمین دینی ہو خواہ کوئی بھی چیز مغصوب ہو تو اپنا حق لینے کے لئے یہ وظیفہ بہت کارآمد ثابت ہوا ہے اور یہ وظیفہ اکیس روز میں مکمل ہوتا ہے مخالف ان شاء اللہ عزوجل اس دوران پڑھنے والے کا حق واپس کر دے گا اس وظیفہ کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد تین سو تیرہ مرتبہ یہ وظیفہ اور اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ بار پڑھے:

This practice is so much beneficial to take your right back from your opponent. This practice is completed in 21 days. Insha Allah the opponent will give the right back to the deserving person in this period of time. After Isha Prayer recite this Wazifa 313 times and recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿يَا جَبَّارُ يَاقَاهِرُ يَا ذَالْبَطْشِ الشَّدِيْدِ خُذْ حَقِّيْ مِمَّنْ ظَلَمَنِيْ وَتَعَدّٰى عَلَيَّ﴾

......☆......☆......

اچھی محفل کیلئے

FOR GOOD GATHERING/ ASSEMBLY (MAJLIS)

روحانی اور اچھی محفل میں جس کے پاس کوئی ایسا شخص بیٹھ جائے جس کا بیٹھنا ناگوار گزر رہا ہو تو مندرجہ ذیل عمل کو آہستہ آہستہ دل میں پڑھ لے۔ وہ نامناسب شخص جلد اُٹھ جائے گا۔

If a person sits in a gathering whose sitting is disgusting then recite the following in your heart. That person will be left away:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿تَذْرُوْهُ الرِّيَاحُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ○ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ

إِنَّا مُؤْمِنُونَ ۝ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ
أَشْتَاتًا ط اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّ ثِقَالًا ط﴾

......☆......☆......

بلڈ پریشر سے نجات کیلئے

FOR THE SURVIVAL OF BLOOD PRESSURE

بلڈ پریشر کے مرض میں مبتلا حضرات اس آیت مبارکہ کو ﴿۱۰۱﴾ مرتبہ روزانہ پڑھا کریں ان شاء اللہ عزوجل شفا نصیب ہوگی۔ اوّل وآخر درود ابراہیمی گیارہ بار پڑھیں:

Those people who are suffering from blood pressure recite this Ayat-E-Mubarka 101 times daily. Insha Allah you will get satisfaction. Recite Darood-E-Ibrahimi 11 times in the beginning and ending.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ط وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝﴾

ترجمہ: ”اور رنج میں غصہ پینے والے اور لوگوں سے درگزر کرنے والے اور نیک لوگ اللہ ﷻ کے محبوب ہیں“۔

﴿پارہ نمبر 4، سورۃ آل عمران، آیت نمبر 134﴾

داغ دھبہ کے نشان کیلئے

FOR MARK / STAIN REMOVING

کسی کے بدن پر ناسور ہو یا کوئی داغ دھبہ ہو تو ﴿۴۱﴾
مرتبہ دوا یا مرہم پر یہ آیت مبارکہ پڑھ کر دم کر کے استعمال
کریں۔ ان شاء اللہ عزوجل داغ دھبہ دُور ہو جائے گا۔

If there is a stain in the body of anyone then he should recite this Ayat 41 times over medicine. Insha Allah each and every stain or mark will be removed.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا﴾

ترجمہ: ''بے عیب ہے، کوئی داغ نہیں اس میں''۔

﴿پارہ نمبر 1، سورۃ البقرہ، آیت 71﴾

......☆......☆......

جادو کے علاج کیلئے

FOR THE TREATMENT OF MAGIC

اگر کسی شخص پر کسی آدمی نے جادو کر دیا گیا ہو جس کے باعث
وہ مرض میں مبتلا ہوتا جا رہا ہو تو وہ شخص یہ عمل اس طرح کرے کہ

ساٹھ بار باوضو حالت میں ﴿سورۂ فلق﴾ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئے تو اللہ ﷻ کے فضل و کرم سے چند دنوں میں ہی جادو کا اثر زائل ہو جائے گا اور اسے صحت ہو گی۔

If a person is confronting any disease due to magical effects/ magic. Then he should perform wazoo (ablution) 60 times then recite (Surat Falaq) over water. Insha Allah by the grace of Almighty Allah each and every effect of magic will be finished.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

﴿قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ o مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ o وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ o وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ o وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ o﴾

......☆......☆......

گردے کا آزمودہ علاج

USEFUL TREATMENT OF KIDNEY

گردے اور پتے کی پتھری دُور کرنے کیلئے یہ آیات مبارکہ ﴿۱۰۱﴾ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دَم کر کے اُس وقت تک پئیں جب تک شفاء نہ ہو۔ اوّل و آخر درود شفاء اکیس بار پڑھیں لاتعداد مریض اس عمل سے شفاء یاب ہوئے ہیں

For the treatment of kidney recite these Ayaat-E-Mubarka 101 times over water and use this water until you become healthy. Recite Darood-E-Shifa 21 times in the beginning and ending.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

